ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(655)

مورخہ 07.12.2023

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 28 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل ۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔سول لائنز،عباس نگر، مسافر خانہ ،صدر احمد پور شرقیہ،عنائتی اور قائمپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 10 ملزمان قاسم ،صغیر ذیشان، خادم، شاہد، شاکر، غلام محمد، رمضان، اعجاز اور امیر معاویہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 355 لیٹر شراب، 50 لیٹر لہن اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔اسی طرح تھانہ صدر احمد پور شرقیہ،اوچ شریف ،عنائتی اور صدر حاصلپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 06 ملزمان کاشف،اشرف،خالد،نادر،محمد اشرف اور محمد امیر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور، 02 عدد بندوق 12 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔جبکہ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تھانہ سول لائنز اور بغداد الجدید پولیس نے 02 ملزمان ذوالقرنین اور غلام فرید کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 20 گرام آئس اور 1200 گرام چرس برآمد کر لی، تھانہ اوچ شریف پولیس نے قمار بازی ایکٹ کے خلاف ورزی کرنے پر 04 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب،منشیات کے ساتھ ساتھ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد